وسلم، فداہ ابی وامی نے اپنے اقوال اور اعمال و افعال سے امت کے سامنے پیش فرمائی ہے، اور جو ان لوگوں کے توسط سے ہم تک پہنچی ہے جن کی روایت و درایت پر ہم پرویز صاحب کی نسبت ہزار درجہ زیادہ اعتماد کر سکتے ہیں، اور جن کی عقل پہ پرویز صاحب کی عقل کو ـــــ جس پر انہیں قرآن فہمی کا اس درجہ گھمنڈ ہے ـــــ ہم اگر لاکھوں مرتبہ بھی قربان کر سکیں تو ہمیں یہ اطمینان حاصل نہیں ہوگا کہ ہم نے واقعی حق ادا کر دیا ہے۔

معذرت

اشرف پریس، جہاں "ترجمان" چھپتا تھا، مستقل طور پر بند ہو جانے اور دیگر کسی پریس کا ڈیکلیریشن بروقت نہ مل سکنے کے باعث اگست کا شمارہ شائع نہ کیا جا سکا اور یہ شمارہ بھی لیٹ ہو گیا ہے۔ جس پر ہم قارئین سے معذرت خواہ ہیں ـــــ قارئین جانتے ہیں کہ ترجمان الحدیث کا ماضی اس قسم کی معذرتوں سے قطعاً داغدار نہیں لیکن بعض مجبوریاں بڑی سخت ہوتی ہیں۔ تاہم امکانی حد تک ہم نے یہ کمی یوں پوری کی ہے کہ اس دفعہ اس کی ضخامت پہلے کی نسبت ڈیوڑھی (یعنی ۴۸ صفحات کی بجائے ۷۲ صفحات) کر دی ہے۔ اور آئندہ کے لئے ہم قارئین کو یہ خوشخبری سنا سکتے ہیں کہ اگر فضلِ ایزدی شاملِ حال رہا تو ترجمان ہمیشہ سفید کاغذ پر آفسٹ ہی طبع ہوا کرے گا اور اس طرح ہم نے بحمد اللہ اسے معنوی خوبیوں کے ساتھ ساتھ ظاہری طور پر بھی حسین بنانے کی کوشش کی ہے۔ گر قبول افتد . . . . !

مینجر